# حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات امن، بھائی چارہ اوراحترام انسانیت پرمبنی ہیں۔الطاف حسین

## کرسمس ایوپرنائن زیرو پرایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے زیراہتمام منعقدہ خصوصی تقریب سے ٹیلیفون پرخطاب

کراچی۔۔۔۔24دسمبر2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات امن، بھائی چارہ اوراحترام انسانیت پرمبنی ہیں، دنیا بدقسمتی سے آج ان تعلیمات پرعمل نہیں کررہی ہے اوردنیامیں امن، بھائی چارہ اوراحترام انسانیت ختم ہوتی جارہی ہے۔انہوں نے یہ بات کرسمس ایوپرایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپرایم کیوایم اقلیتی امورکمیٹی کے زیراہتمام منعقدہ خصوصی تقریب سے ٹیلیفون پرخطاب کرتے ہوئے کہی۔تقریب میں بشپ، پاسٹرز اورمسیحی نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اوربچوں کے ساتھ ساتھ مختلف مسلم علمائے کرام، ہندواورسکھ برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی شرکت کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کرسمس ایوبڑی رحمتوں اوربرکتوں والی رات ہے، یہ شام روئے زمین پرایک ایسی ہستی کی آمد کی شام تھی جوعالم انسانیت کیلئے امن وسلامتی کا پیامبر بن کرآئی، جوروح اللہ کے نام سے جانی پہچانی جاتی ہے۔آج کی رات دعاؤں کی رات ہے کہ بی بی مریمؑ کے شکم سے روح اللہ اس دنیائے فانی میں تشریف لانے والے تھے اورفرشتے اورملائکہ ان کی آمد سے پہلے اس رات عبادت الٰہی کے ساتھ انہیں خوش آمدید کہنے کے نغمے گارہے تھے۔انہوں نے کہا کہ لوگ سوال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جونظام نسل انسانی کوآگے بڑھانے کیلئے بنایا ہے لہٰذا اس نظام کے تحت مرداورعورت کے ملاپ کے بغیرانسانی جسم کی پیدائش نہیں ہوسکتی لہٰذاحضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کیسے ہوسکتی ہے؟ سوال کرنے والوں کا اعتراض درست ہے لیکن میں یہ سوال اٹھانے اوراعتراض کرنے والوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ اگرحضرت عیسیٰؑ عام انسانوں جیسے ہوتے توان کی پیدائش بھی قدرت کے وضع کردہ طریقے کے تحت ہوتی مگراللہ تعالیٰ قادرمطلق ہے، وہ ہرچیزپرقدرت رکھتا ہے اوراپنے طے کردہ اصولوں اورطریقوں میں اگرکوئی ذات تبدیلی کرسکتی ہے تووہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی کرسکتی ہے، جب وہ کسی چیز کاارادہ کرتا ہے توکہتا اوروہ ہوجاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ سائنسدانوں کویہ بات کیسے سمجھائی جائے کہ لاکھوں انسانوں میں اگرآپ نامی گرامی سائنسدان بنے ہیں تویہ بھی منجانب اللہ ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰؑ کودنیامیں امن وسلامتی، انصاف کے قیام اوراحترام انسانیت کادرس دینے کیلئے بھیجا لیکن بدقسمتی سے دنیا آج ان تعلیمات پرعمل نہیں کررہی ہے اوردنیامیں امن، بھائی چارہ اوراحترام انسانیت ختم ہوتی جارہا ہے اورآج ٹی وی کھولو یااخبار پڑھوتوپوری دنیامیں یہی خبردیکھنے اورپڑھنے کوملتی ہے کہ فلاں جگہ اتنے لوگ مرگئے اورخون کی ندیاں بہہ رہی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے گڑگڑاتے ہوئے دعا کی کہ ’’اے پروردگار! آج ہم دعا کرتے ہیں کہ پوری دنیامیں امن وسلامتی، انصاف کے قیام اوراحترام انسانیت کے فروغ کیلئے حضرت عیسیٰؑ کوبھیج دے تاکہ ہم ایک دوسرے سے نفرت کرنے کے بجائے ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں‘‘۔ جناب الطاف حسین نے لوکا کی انجیل صفحہ نمبر59، چیپٹرنمبر 6 کی verse نمبر 46 کا حوالہ دیا جس میں بیان کیا گیا ہے کہ ’’جب تم میرے کہنے پرعمل نہیں کرتے توکیوں مجھے خداوند کہتے ہو، جوبھی کوئی میرے پاس آتا ہے اورمیری باتیں سنکراس پرعمل کرتا ہے میں تمہیں جتاتا ہوں کہ وہ کس کی مانند ہے، وہ اس آدمی کی مانند ہے جس نے گھربناتے وقت زمین گہری کھودکرچٹان پربنیاد ڈالی اورجب طوفان آیااورسیلاب اس کے گھرسے ٹکرایا تووہ اسے ہلانہ سکا کیونکہ وہ مضبوط بنا ہوا تھا لیکن جومیری باتیں سنکرعمل نہیں کرتے وہ اس آدمی کی مانند ہیں جس نے گھرکوبغیر بنیاد ڈالے ہی بنالیا اورجب سیلاب زورسے آیا تووہ سیلاب میں بہہ گیا اورگرپڑا اور بالکل برباد ہوگیا‘‘۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اے اللہ!، ہم تجھ سے فریاد کرتے ہیں کہ ہمیں برباد ہونے سے بچالے، ہمیں سیدھا راستہ دکھادے اورہمارے گناہوں کومعاف کردے۔انہوں نے کہا کہ اسی لوکا کی انجیل کے چیپٹرنمبر6 کی verse نمبر27 میں ارشادفرمایا گیا’’ میں تم سننے والوں سے کہتا ہوں کہ اپنے دشمنوں سے محبت رکھو، جوتم سے عداوت رکھیں ان کا بھلا کرو، جوتم پرلعنت کریں ان کیلئے برکت چاہو، جوتمہاری تحقیر کریں، مذاق اڑائیں ان کیلئے دعا کرو، جوتیرے ایک گال پرطمانچہ مارے دوسرا بھی اسکی طرف پھیردے، جوتیرا چوغا لے اس کوکرتا لینے سے بھی منع نہ کراورجوکوئی تجھ سے مانگے اسے دے۔اورجوتم سے محبت رکھتے ہیں، اپنی محبت رکھنے والوں سے محبت رکھو، اس میں کوئی احسان نہیں، بات توجب ہے کہ تم دشمنوں کوبھی بددعا دینے کے بجائے دعا دو‘‘۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اے اللہ! توحضرت مریمؑ کے بیٹے جوتیری روح سے پیدا ہوا اس کے صدقے ہمارے گناہ معاف فرمادے، جوبیمار ہیں ان کی بیماریوں، دکھ اورغم کا خاتمہ کردے، ہمارے درمیان پیارمحبت پیدا کردے، ہمیں معاف فرما، نیک ہدایت دے، برائی سے بچا اورحق پرستوں کی مدد فرما۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ میں ایک ایسی جگہ بناؤں جہاں مسجد ہو، مندر بھی ہو اورچرچ بھی ہو۔انہوں نے کہا کہ اسلام امن شانتی اورپیار کادرس دیتا ہے اورآج کرسمس ایوکے موقع پرمختلف مذاہب کے نامی گرامی علمائے کرام اورمشائخ کی موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ سب کی بنیاد ایک ہی ہے، مگرراستوں کافرق ہے۔انہوں نے تقریب میں شرکت کرنے پرتمام مذاہب کے علماء اورمذہبی رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا۔جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب کے آخرمیں تقریب میں شرکت کرنے والے بشپ، پاسٹرز، ڈیوربینڈ، عیسائی برادری کے تمام افراد کوکرسمس کی مبارکباد پیش کی اوران سے کہا کہ کرسمس کے موقع پراپنی عبادت گاہوں میں جاکردنیامیں قیام امن، سلامتی، بھائی چارے کے ساتھ ساتھ ہماری تحریک کی کامیابی کیلئے بھی دعا کریں۔آخرمیں جناب الطاف حسین نے تقریب میں شرکت کرنے والے افراد سے فرداًفرداً گفتگوبھی کی۔

## پاکستان سمیت پوری دنیا کی عیسائی برادری کو الطاف حسین کی جانب سے کرسمس کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔24 دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے تمام عیسائی برادری کو کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ کرسمس کے موقع پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت عیسیٰ ؑ نے انسانوں کو پیار، محبت، امن، بھائی چارہ اور احترام انسانیت کا درس دیا اور ان کی ہستی صرف عیسائی برادری ہی کیلئے نہیں بلکہ پوری انسانیت کیلئے قابل احترام ہے۔انہوں نے کہا کہ آج دنیا جن مسائل اور نامساعد حالات کا شکار ہے اس کا حل حضرت عیسیٰ ؑ کی تعلیمات کے مطابق عمل کرنے میں مضمر ہے۔انہوں نے پاکستان سمیت پوری دنیا کی عیسائی برادری کو کرسمس کی مبارکباد پیش کی اور ان سے کہا کہ وہ کرسمس کے موقع پر اپنی عبادات میں دنیا میں امن وسلامتی، بھائی چارے، محبت واخوت کے قیام کیلئے دعا کریں اور اپنی دعاؤں میں محروم ومظلوم لوگوں کو یاد رکھیں۔

## 8رجنوری کا دن ثابت کردیگا کہ ایم کیو ایم کا ووٹ بینک پہلے سے زیادہ مضبوط ہے

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر حق پرست امیدواروں کی مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگز، پرچم کشائی، رابطہ دفاتر کے افتتاح اور رابطہ مہم

کراچی۔۔۔24، دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے امیدوار برائے قومی وصوبائی اسمبلی نے کہا ہے ایم کیو ایم کا ووٹ بینک پہلے سے زیادہ مضبوط ہے اور اس میں مزید اضافہ ہوا ہے، آج ملک بھر کے عوام ایم کیو ایم کے ساتھ ہیں جو 8رجنوری کو عوام حق پرستوں کو ووٹ کر کے ثابت کردینگے کہ فتح حق پرستوں کا مقدر ہے، عوام اپنے ووٹوں کی بھاری تعداد کی طاقت سے آئندہ انتخابات میں انکی ضمانتیں ضبط کرادیں گے۔حق پرست امیدواروں نے عیدالاضحیٰ کے تیسرے روز بھی اپنی انتخابی مہم جاری رکھی۔اس دوران انہوں نے درجنوں مقامات پر کارنر میٹنگیں منعقد کیں اور پرچم کشائی کی اور انتخابی ورابطہ دفاتر کے افتتاح بھی کیے، عوام سے گھر گھر رابطے کئے اور عوام سے عید ملی۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو یز اور رنچھوڑ لائن کھارادر سے حلقہ برائے این اے 249 سے نامزد حق پرست امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار اور سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 110 شعیب ابراہیم پی ایس 111 سے نامزد حق پرست امیدوار محمد طاہر قریشی نے اپنی انتخابی مہم کے سلسلے میں عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز زینت الاسلام مسجد گارڈن ویسٹ، زین العابدین پارک، عظیم پلازہ، اسلام پورہ، عثمان آباد اور محمد شاہ اسٹریٹ سمیت مختلف علاقوں کا دورہ کیا عوام سے عید ملی اور انہیں عید کی مبارکباد پیش کی۔قبل ازیں انہوں نے غلام حسین محلّہ شو مارکیٹ، جوبلی محلّہ، کھارادر، لیاری چاند بی بی روڈ اور رنچھوڑ لائن میں منعقدہ کارنر میٹنگوں میں شرکت کی اور بعض مقامات پر پرچم کشائی اور انتخابی دفاتر کے افتتاح کیے۔اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی کے حلقہ این اے 242 سے نامزد حق پرست امیدوار ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 95 سے نامزد حق پرست امیدوار سید منظر امام نے انتخابی مہم کے سلسلے میں سفید چوک مخدوم شاہ کالونی میں دکانداروں سے ملاقات کی اور انہیں عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ایم کیو ایم منشور وفکر وفلسفہ سے آگاہ کیا۔انہوں نے اورنگی ٹاؤن کے علاقے بے نظیر کالونی اور مہاجر چوک پر کارنر میٹنگز میں شرکت کی۔سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 94 سے حق پرست امیدوار سید رضا حیدر نے انتخابی مہم کے سلسلے میں مختلف علاقوں اور یونٹوں کا دورہ کیا اور عوام سے ملاقاتیں کیں جبکہ اولڈ لیاری اور آگرہ تاج کالونی کے علاقے سے قومی اسمبلی کے حلقہ برائے این اے 248 سے نامزد حق پرست امیدوار وصی اللہ لاکھو اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 108 سے نامزد حق پرست امیدوار حنیف چھتانی نے یوسی 4 کھڈہ میمن سوسائٹی میں الیکشن آفس کا افتتاح کیا۔انہوں نے لیاری کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور عوام سے ملاقات کر کے انہیں عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی اور عید ملی۔قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 253 سے حق پرست امیدوار سید حیدر عباس رضوی اور سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 118 سے نامزد حق پرست امیدوار مزمل قریشی نے گلشن اقبال بلاک A-10 بلاک 5 اور 7 میں کارنر میٹنگز منعقد کی جس میں عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنی جانب سے حق پرستوں نمائندوں کو بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔حق پرستوں امیدواروں نے کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ 8رجنوری کو بھی عوام اپنے ووٹوں سے حق پرست نمائندوں کو کامیاب بنا کر اپنے بھرپور اعتماد کا مزید ثبوت دیں، سیاست میں خدمت کا درس قائد تحریک جناب الطاف حسین سے ملا ہے جس پر حق پرست عمل پیرا ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی وہ آئندہ انتخابات میں ایم کیو ایم کو ووٹ کریں تاکہ ترقی کا سفر جاری رہے۔

## آفریدی برادری کے سرکردہ رہنماؤں کی ایم کیو ایم میں شمولیت، حق پرست امیدواروں کی بھرپور حمایت کا اعلان

کراچی ۔۔۔24، دسمبر 2007ء۔۔۔کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد میں آباد آفریدی قبائل کے سرکردہ رہنماؤں اجمل خان آفریدی، سبحان یوسف، ولی خان آفریدی اور سردار خان آفریدی کے علاوہ دیگر اہم رہنماؤں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے اور اپنی پوری آفریدی برادری کی جانب سے حق پرست امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی ایس 103 سے ایم کیو ایم کے نامزد امیدوار ڈاکٹر سرجن محمد علی شاہ کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کرائی ہے۔ یہ اعلان انہوں نے نارتھ ناظم آباد کے مرکزی الیکشن آفس کے دورے کے موقع پر ڈاکٹر محمد علی شاہ سے ملاقات میں کیا اس موقع پر سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ دریں اثناء قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 253 سے نامزد حق پرست امیدوار حیدر عباس رضوی اور سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 126 سے نامزد حق پرست امیدوار فیصل سبزواری نے آزاد قبائل کے سردار رو ئیداد خان اور پختون عمائدین سے جرگہ ہال میں ملاقات کی اور انہیں ایم کیو ایم کے فکر وفلسفے اور شہر میں ہونیوالے ترقیاتی کاموں سے تفصیل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے سردار رو ئیداد خان اور پختون عمائدین سے حمایت کی اپیل کرتے ہوئے انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے پختون آبادیوں میں ترقیاتی کام جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ترقیاتی کاموں کے اثرات پختونوں کی دہلیز پر ضرور پہنچیں گے۔ اس موقع پر اسکیم 33 سیکٹر کے انچارج وارکین کے علاوہ یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## حق پرستوں کی انتخابی مہم کے سلسلے میں ڈیرہ اسماعیل خان میں ایم کیو ایم کے تحت موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی

ڈی آئی خان ۔۔۔24، دسمبر 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ سرحد کے زیر اہتمام ڈیرہ اسماعیل خان سے قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلیوں کی نشستوں این اے 242 اور پی ایف 64 کے نامزد حق پرست امیدواران برائے قومی اسمبلی زبیر انجم اور ڈاکٹر یونس کی انتخابی مہم کے سلسلے میں موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی جس میں پختون، سرائیکی اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ انتخابی ریلی کی قیادت نامزد حق پرست امیدوار برائے قومی وصوبائی اسمبلی اور ایم کیو ایم کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین کر رہے تھے۔ ریلی زونل آفس ڈیرہ اسماعیل خان سے شروع ہوئی جو شہر کے مختلف بازاروں اور محلوں سے ہوتی زونل آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر کارکنان نے والہانہ رقص کیا اور ایم کیو ایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔

## حیدرآباد کی تاجر انجمنوں کی جانب سے عام انتخابات میں ایم کیو ایم کی حمایت کا اعلان

حیدرآباد۔۔۔24، دسمبر 2007ء

انجمن تاجران حیدرآباد نے عام انتخابات میں حیدرآباد ڈسٹرکٹ سے متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے ایک عشائیہ میں کیا جس میں حیدرآباد ڈسٹرکٹ سے نامزد حق پرست امیدوار برائے قومی وصوبائی کے علاوہ دیگر تاجر رہنماء بھی موجود تھے۔ اس موقع پر حمایت کا اعلان کرنیوالے تاجر انجمنوں کے عہدیداروں نے کہا کہ ہم نے تمام جماعتوں کو آزمایا لیکن انہوں نے شہروں کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے کوئی مؤثر اقدامات نہیں کئے گئے جبکہ حق پرست نمائندوں نے جس طرح بھرپور انداز میں تعمیر وترقی کیلئے خدمات انجام دی ہیں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ حمایت کا اعلان کرنے والے تاجروں میں حیدرآباد الیکٹرونکس ایسوسی ایشن کے صدر انور کندن، انجمن تاجران اسٹیشن روڈ کے صدر فیاض اعوان، انجمن تاجران لطیف آباد نمبر 12 کے صدر ڈاکٹر طارق، انجمن تاجران لطیف آباد نمبر 7 کے صدر اسلم شیخ، موٹر سائیکل ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری حمید میمن، شاہی بازار یونین کے جنرل سیکریٹری عباس چندریگر، انجمن تاجران رشیم بازار کے وائس چیئر مین محمد ایوب، انجمن تاجران سٹی کالج روڈ وائس چیئر مین ایوب راجپوت اور کٹ پیس کلاتھ مرچنٹ کے جنرل سیکریٹری صغیر احمد راجپورت اور دیگر تاجر رہنماء شامل ہیں۔ اس موقع پر حق پرست امیدواراں نے تاجروں کا شکریہ ادا کیا اور انہیں اعتماد پر پورا اترنے اور اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆☆